# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 15 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سوندھی اسکیم کی وجہ سے خود مختار پھیری والے بڑے خواب دیکھنے لگے: وزیرِ اعظم کا دعویٰ۔

☆ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں دو روپئوں کی کمی۔

☆ غیر اخلاقی مواد نشر کرنے 18 او ٹی ٹی پلیٹ فارم کے خلاف مرکزی حکومت کی کارروائی۔

☆ قومی طبّی مہم کے تحت لاتور ضلع کے کاسار بال گُنڈا پرائمری ہیلتھ سینٹر کو دو لاکھ روپئے کا ''کایا کلپ'' ایوارڈ۔

اور۔۔ ☆ رَنجی ٹرافی کرکٹ مقابلہ میں ممبئی کی ٹیم کی ریکارڈ ساز 42 ویں بار فتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سوندھی اسکیم کے ذریعے پھیری والے خود مختار ہوئے ہیں۔ اس اسکیم کی وجہ سے اس زمرہ کے لوگ بڑے خواب دیکھنے لگے ہیں۔ وہ کل نئی دہلی میں سوندھی کے مستفیدین سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ سوندھی پھیری والوں کیلئے ایک بہترین ذریعہ ہے۔ انھوں نے پھیری والوں اور راستوں سے منسلک دُکانوں کے مالکان کی ان کی خدمات کی تعریف کی۔

اس سے قبل وزیرِ اعظم نے دلّی کے پانچ ہزار پھیری والوں سمیت ایک لاکھ اسٹریٹ وینڈرس کو یوجنا کے تحت قرض تقسیم کیے۔ اب تک ملک بھر میں 62 لاکھ سے زائد پھیری والوں کو 10 ہزار 978 کروڑ روپیوں سے زائد رقم بطورِ قرض تقسیم کی جا چکی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے ایک ملک ایک الیکشن اس کا مطالعہ کرنے کیلئے تشکیل کردہ کمیٹی نے کل اپنی رپورٹ صدرِ جمہوریہ کو پیش کی ہے۔ 18 ہزار 626 صفحات پر مشتمل رپورٹ کمیٹی نے ایک ملک ایک الیکشن منعقد کروانے سے متعلق قانون میں ترمیم سے متعلق آگاہ کیا ہے۔ اس رپورٹ میں تمام متعلقہ پارٹیوں اور ماہرین سے ہوئی بحث اور 191 دِنوں کی ریسرچ کا نتیجہ ہونے کی اطلاع قانون و انصاف محکمہ نے دی ہے۔ یہ کمیٹی ملک کے سابق صدر رام ناتھ کووِندکی سربراہی میں قائم کی گئی تھی۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے سابق گزیٹیڈ افسر گیانیش کمار اور سُکھبیر سنگھ کو ملک کے نئے الیکشن کمشنر کے طور پر مقرر کیا ہے۔ مرکزی قانون و انصاف محکمہ نے اس سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کیا۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے الیکٹورل بانڈز کی تفصیلات ان کی ویب سائٹ پر نشر کی ہے۔سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق اسٹیٹ بینک نے پرسوں کمیشن کو معلومات فراہم کی۔

***** ***** *****

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں دو روپئے کی کمی کی گئی ہے۔مرکزی وزیرِ پیٹرولیم دھرمیندر پردھان نے کل بذریعۂ ٹویٹ یہ اطلاع دی۔اس کے مطابق ممبئی میں پیٹرول کی قیمت 104 روپئے 20 پیسے' جبکہ ڈیزل کی قیمت 92 روپئے 15 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔آج سے نئی قیمت لاگو ہوگئی ہے۔

***** ***** *****

بیہودہ اور غیر اخلاقی مواد نشر کرنے والے 18 او ٹی ٹی پلیٹ فارمس پر مرکزی اطلاعات ونشریات محکمہ نے پابندی عائد کی ہے۔اس کے ساتھ ہی ناموافق معلومات فراہم کرنے والی 19 ویب سائٹ' 10 ایپس اور 57 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بھی محکمہ نے کارروائی کی ہے۔ان تمام کی نشریات کل سے روک دی گئی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر برائے شاہراہ وحمل ونقل نتن گڈکری کے ہاتھوں کل وردھا ضلع کے سندھی ریلوے کے ڈرائے پورٹ اور ملٹی موڈل لاجسٹک پارک کے ریلوے کے ٹرمینل خدمات کا افتتاح عمل میں آیا۔سندھی ریلوے کے ڈرائے پورٹ سے وِدربھ کی کپاس' کپڑے' سنگترے جیسی اشیاء کی برآمدات ہونے کی اطلاع گڈکری نے دی۔

***** ***** *****

کانگریس رہنماء ورکنِ پارلیمان راہل گاندھی کی بھارت جوڑو نیائے یاترا کل ناسک ضلعے میں داخل ہوئی۔چاندوَڑ میں جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے انوھس نے کہا کہ کانگریس حکومت کے اور ہمارے دروازے ہمیشہ کسانوں اور عوام کیلئے کھلے ہیں۔انھوں نے الزام عائد کیا کہ پیاز کا مسئلہ کسانوں کیلئے بے حد اہم ہے لیکن مرکزی حکومت اس مسئلے پر خاموش ہے۔
راشٹروادی کانگریس کے سربراہ شرد پوار،ٹھاکرے گروپ کے ترجمان سنجے راوَت اور کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے بھی اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمٰی نے احکامات دیئے ہیں کہ راشٹروادی کانگریس اجیت پوار گروپ شرد پوار کا نام اور تصویر کا استعمال نہ کرے۔راشٹروادی کانگریس شرد پوار کی داخل کردہ عرضی کی سماعت کے دوران عدالت نے یہ احکامات دیئے۔اس سے متعلق اجیت پوار گروپ کو دو دِنوں میں حلف نامہ داخل کرنے کے احکامات عدالت نے دیئے ہیں۔اس معاملے کی اگلی سنوائی 19 مارچ کو ہوگی۔

***** ***** *****

کانگریس قائد امیت دیشمکھ نے اطلاع دی ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں مہاوِکاس آگھاڑی کی ریاست کی 48 نشستوں کی تقسیم آئندہ ایک ہفتہ میں ہوگی۔وہ کل لاتور میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

نئے رائے دہندگان کیلئے ''میرا پہلا ووٹ ملک کیلئے'' بیداری مہم حکومت نے شروع کی ہے۔اس مہم کے تحت معروف اداکار سبودھ بھاوے نے تمام نئے رائے دہندگان سے اپنا حقِ رائے دہی ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

انتخابات کے ضمن میں چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے مغربی انتخابی حلقہ کے عہدیداروں اور ملازمین کے ساتھ کل ایک جائزاتی اجلاس لیا۔انھوں نے کہا کہ انتخابی عمل صاف وشفاف ہو اس کیلئے کام کریں۔

دریں اثناء پربھنی ضلعے کے گنگا کھیڑ انتخابی حلقہ میں تمام نوڈل افسران اور ملازمین کی تربیت کل کی گئی۔ اپّر ضلع کلکٹر ڈاکٹر پرتاپ کاڑے اس موقع پر موجود تھے۔ بیڑ میں اس سے متعلق ہوئے تربیتی کیمپ میں ضلع کلکٹر دیپا مُدھول مُنڈے نے رہنمائی کی۔

***** ***** *****

قومی طبّی مہم کے تحت ’’کایاکلپ‘‘ ایوارڈ کا کل اعلان کی گیا۔ لاتور ضلع کے کاسار بال کُنڈا کے ابتدائی طبّی مرکز کو دو لاکھ روپئے کا ’’کایاکلپ‘‘ اوّل انعام دینے کا اعلان کیا گیا۔

ضلع کے 32 پرائمری ہیلتھ سینٹر کو کایا کلپ ترغیبی انعامات کیلئے منتخب کیا گیا۔ ان تنظیموں کو فی کس 50 ہزار روپئے کا ایوارڈ ظاہر کیا گیا ہے۔ ان ایوارڈ کے تحت ریاست میں سب سے زیادہ تقریباً 58 لاکھ روپئے کے ایوارڈ ضلعے کو ملے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کی منظور کردہ پرائمری، اپّر پرائمری، سیکنڈری و ہائر سیکنڈری امدادی اسکولوں کے غیر تدریسی ملازمین کو دو فائدوں کی بہتر خدمات کے تحت یعنی پیش رفت اسکیم ایک جنوری 2024 سے نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سے متعلق حکومتی فیصلہ کل جاری کیا گیا۔ یہ اسکیم حسبِ سابق لاگو نہیں رہے گی اور بقیہ رقم نہیں دی جائیگی۔

***** ***** *****

رنجی ٹرافی کرکٹ مقابلہ میں ممبئی نے اجنکیا رَہانے کی قیادت میں فتح پائی اور 42 ویں بار خطاب جیتا۔ فائنل مقابلہ میں ممبئی کی ٹیم نے ودربھ کی ٹیم کو 169 رنوں سے شکست دی۔ دوسری اننگ میں سنچری بنانے والے اور دو وِکٹ لینے والے مشیر خان کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا، جبکہ ٹورنامنٹ میں پانچ سو سے زائد رن اور 29 وِکٹ حاصل کرنے والے تنُش کوٹین کو مین آف دی سیریز قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

آزادی کے امرت مہوتسو کے موقع پر جالنہ شہر کے چھترپتی سمبھاجی گارڈن میں قائم کیے گئے ڈیڑھ سو فٹ سے اونچے قومی پرچم کا کل مرکزی وزیرِ مملکت راؤ صاحب دانوے کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔

دریں اثناء جالنہ شہر کو پانی فراہم کرنے والے آبی ذخیرہ گھانے واڑی سمیت جائیکواڑی پانی فراہمی اسکیم کے 72 کروڑ روپئے کے ترمیمی پروگرام کا افتتاح بھی دانوے کے ہاتھوں ہوا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پھلمبری میں بھی مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح وسنگِ بنیاد دانوے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے مانوت تعلقے کے پاڑودی گاؤں میں جل جیون مشن اسکیم کے تحت گھر گھر نل کے پانی کی فراہمی ہوئی ہے۔ اس اسکیم کے تحت گاؤں میں دو کروڑ روپئے کے فنڈ سے کنواں، پانی کی ٹاکی اور آبی نالی کے کام مکمل کرکے 650 گھروں کو نل کنکشن دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی ’’لیک لاڈکی‘‘ اسکیم کے تحت ناندیڑ ضلع کے 201 مستفیدین کو کل پہلی قسط فراہم کی گئی۔ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت اور ضلع پریشد سی ای او مینل کرنوال کے ہاتھوں امدادی چیک تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے گال سے پاک ڈیم اور کھیت میں گال مہم کی ناندیڑ ضلعے میں شروعات کی گئی۔ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت اور ضلع پریشد سی ای او نے کسانوں سے اس کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔ اس مہم کے غیر سرکاری تنظیموں اور گرام پنچایت کی جانب سے گال نکالنے کیلئے حکومت کی جانب سے استعمال ہونے والی مشنری کو ایندھن خرچ اور کسانوں کے کھیت میں گال ڈالنے کیلئے خرچ دیا جائیگا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سوندھی اسکیم کی وجہ سے خود مختار پھیری والے بڑے خواب دیکھنے لگے: وزیرِ اعظم کا دعویٰ۔

☆ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں دو روپئوں کی کمی۔

☆ غیر اخلاقی مواد نشر کرنے 18 او ٹی ٹی پلیٹ فارم کے خلاف مرکزی حکومت کی کارروائی۔

☆ قومی طبّی مہم کے تحت لاتور ضلع کے کاسار بال کُنڈ ا پرائمری ہیلتھ سینٹر کو دو لاکھ روپئے کا ''کایا کلپ'' ایوارڈ۔

اور۔۔ ☆ رَنجی ٹرافی کرکٹ مقابلہ میں ممبئی کی ٹیم کی ریکارڈ ساز 42 ویں بار فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****